© rasailojaraid.com



**عزیمت کے راہی** (حصّہ ششم)، حافظ محمد ادریس۔ ناشر: ادارہ معارف اسلامی، منصورہ، لاہور۔ فون: ۳۵۲۵۲۴۱۹-۰۴۲۔ صفحات: ۳۵۲۔ قیمت: ۳۵۰ روپے۔

رفتگاں کی یاد اور ان کے کارناموں کو تازہ رکھنے کے لیے فاضل مصنّف کی نئی کتاب ہے۔

سلسلۂ رفتگاں کا یہ چھٹا حصّہ ہے، جس میں ۲۱ شخصیات کا تذکرہ شامل ہے۔ اس تذکرے میں عزیمت کے بلند منصب پر فائز شہدائے بنگلہ دیش (مولانا مطیع الرحمٰن نظامی، علی احسن محمد مجاہد، میر قاسم علی) کے مفصل حالات شامل ہیں۔ اسی طرح تحریکِ اسلامی کے وابستگان (ملک محمد اسلم، گل انداز عباسی، معراج الدین خان، ظفر جمال بلوچ، حکیم عبدالرحمٰن عزیز، مولانا عبدالوکیل علوی وغیرہ) کے علاوہ کچھ ایسے رفتگان کا ذکر بھی ہے، جو براہِ راست تحریک سے وابستہ نہیں تھے، مگر مقصدِ زندگی کی یکسانیت کی بنا پر تحریک سے ان کے ذہنی اور قلبی روابط استوار تھے۔

اس کتاب سے اندازہ ہوتا ہے کہ اسلامی تحریک نے کیسے کیسے صاحبانِ کردار پیدا کیے، جو ہمارے معاشرے کے لیے بہترین انسانوں کی حیثیت رکھتے ہیں۔ دنیا میں انھوں نے خواہ کیسی ہی تنگی و ترشی میں زندگی گزاری ہو، آخرت میں وہ بامراد ہوں گے۔ (رفیع الدین ہاشمی)

**فکر و نظر کے دریچے**، مولانا ڈاکٹر غلام زرقانی۔ ناشر: دارالاسلام، ۸-سی، پہلی منزل، محی الدین بلڈنگ، داتا دربار مارکیٹ، گنج بخش روڈ، لاہور۔ فون: ۳۷۱۱۵۱۶۵-۰۴۲۔ صفحات: ۲۴۰۔ قیمت: درج نہیں۔

انقلاب (بمبئی) بھارت کی اُردو دنیا کا مقبول روزنامہ ہے۔ زیرنظر کتاب انقلاب میں گذشتہ پانچ چھے برسوں کے دوران میں شائع ہونے والے ڈاکٹر زرقانی کے کالموں کا مجموعہ ہے۔ زرقانی عالمِ دین ہیں۔ لیبیا اور دیگر عرب ممالک میں زیرتعلیم رہے۔ ہیوسٹن (امریکا) کی ایک مسجد کے خطیب اور وہاں کے لون اسٹار کالج میں اسسٹنٹ پروفیسر ہیں۔ انھوں نے اسی زاویے سے مشرق (مسلم) اور مغرب کے مسلم حکمرانوں پر اور اُن کی پالیسیوں پر نکتہ چینی کی ہے جو زیادہ تر بجا ہے۔

انڈونیشیا سے انھیں بڑی اُمیدیں وابستہ ہیں۔ ۳۹ ممالک میں کروائے گئے ایک سروے کے مطابق انڈونیشیا کے تقریباً ۹۸ فی صد لوگ پابندی سے زکوٰۃ ادا کرتے ہیں۔ اسی طرح مسجد جانے والوں کا تناسب سب سے زیادہ انڈونیشیا ہی میں ہے۔ فی کس آمدنی کے لحاظ سے انڈونیشیا ۱۲۶ویں نمبر پر ہے، مگر دین داری کے اعتبار سے بہت اُوپر ہے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



مصنّف نے سعودی عرب میں غیر ملکیوں کے لیے نظامِ کفالت پر تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ عصرِ حاضر میں نظامِ کفالت دراصل رواجِ غلامی کی ترقی یافتہ شکل ہے (ص ۷۱)۔ بعض کفیل صرف دستخط کرنے کے عوض غیر ملکیوں سے بھاری رقم وصول کرتے ہیں۔ غیر ملکی مزدوروں کے ساتھ زیادتی کے متعدد واقعات کی نشان دہی بھی کی گئی ہے۔

مجموعی حیثیت سے یہ تبصرے تعمیری ہیں۔ وہ مسلم معاشروں کی حالت پر افسردہ خاطر ہیں اور مسلمانوں کو اتحاد کا درس دیتے ہیں۔ یہ مجموعہ پہلے دہلی سے چھپا تھا۔ پاکستانی ناشر نے اِس نوٹ کے ساتھ شائع کیا ہے کہ ''پبلشر کا مصنّف سے کامل اتفاق ضروری نہیں''۔ (رفیع الدین ہاشمی)

## تعارف کتب

◉ **امام الانبیاؐ کا سفرِ حج**، انجینیر محمد ارشد۔ ناشر: مثال پبلشرز، رحیم سنٹر، پریس مارکیٹ، امین پور بازار، فیصل آباد۔ فون: ۰۳۰۰-۶۶۶۸۲۸۴۔ صفحات: ۲۴۰۔ قیمت: ۵۰۰ روپے۔ [اس کتاب کا مقصد رسولؐ اللہ کے حج و عمرے کے طریقے (سنت) و واقعات کو ایک مسلمان تک پہنچانا ہے'' تاکہ وہ ان عبادات میں آپ کا اتباع اختیار کرسکے (مصنّف)۔ ۳۱ عنوانات کے تحت آپؐ کے حج اور عمرے کے اَسفار کا ذکر احادیث کے حوالے سے کیا گیا ہے، مثلاً یہ کہ مسجدالحرام میں آپؐ کب اور کس طرح داخل ہوئے، اور آپؐ نے وہاں کیا فرمایا، یا مثلاً مزدلفہ کے قیام میں آپؐ نے کیا کچھ کیا اور فرمایا، وغیرہ۔ حج اور عمرے کے عازمین کے لیے یہ ایک مفید کتاب ہے۔]

◉ **حرف حرف روشنی**، ترتیب و تالیف: احمد علی محمودی۔ ملنے کا پتا: ندائے ملت پبلی کیشنز، دارالسلام، عزیز آباد کالونی، وہاڑی روڈ، حاصل پور (ضلع بہاول پور)۔ فون: ۰۳۳۳-۶۳۴۷۵۷۲۔ صفحات: ۴۹۔ قیمت: ۶۰ روپے۔ [اقوالِ زریں اور حکمت و دانش پر مبنی مختصر اور جامع نصائح۔ علمی و ادبی ورثے سے عمدہ انتخاب، نیز بچوں کی تعلیم و تربیت کے لیے رہنمائی۔ تزکیہ و تربیت اور سوشل میڈیا پر مختصر پیغامات اور دعوت کے لیے مفید کتابچہ۔]

---

رسالے کے بارے میں اپنی رائے اور تاثرات ارسال کیجیے

- برائے ایس ایم ایس: 0307-4112700
- ادارتی امور: tarjumanq@gmail.com
- انتظامی امور: tarjuman@tarjumanulquran.org
- ویب سائٹ: www.tarjumanulquran.org

© rasailojaraid.com